کرایہ نامہ

مابین: _____ ولد _____ ،شناختی کارڈ نمبر _____ ،ساکن _____ (مالک، فریقِ اول)

اور: _____ ولد _____ ،شناختی کارڈ نمبر _____ ،ساکن _____ (کرایہ دار، فریقِ دوم)

یہ کہ فریقِ اول مکان / دکان نمبر _____ واقع _____ کا مالک و قابض ہے، جو درج ذیل شرائط پر فریقِ دوم کو کرایہ پر دیا گیا ہے:

1۔ کرایہ داری کی مدت _____ ماہ ہو گی، جو مورخہ _____ سے شروع ہو کر مورخہ _____ کو ختم ہو گی۔

2۔ ماہانہ کرایہ مبلغ _____ روپے ہو گا، جو ہر ماہ کی _____ تاریخ تک پیشگی ادا کیا جائے گا۔

3۔ فریقِ دوم نے مبلغ _____ روپے بطور زرِ ضمانت ادا کر دیے ہیں، جو جگہ خالی کرنے پر قابلِ واپسی ہوں گے۔

4۔ بجلی، گیس اور پانی کے بل فریقِ دوم ادا کرے گا۔

5۔ فریقِ دوم یہ جگہ آگے کسی کو کرایہ پر نہیں دے گا اور نہ فریقِ اول کی اجازت کے بغیر اس میں کوئی تبدیلی کرے گا۔

6۔ جگہ خالی کرنے یا کروانے کے لیے فریقین ایک ماہ پیشگی نوٹس دینے کے پابند ہوں گے۔

لہٰذا یہ تحریر بقائمیِ ہوش و حواس، بلا جبر و اکراہ، روبرو گواہان لکھ دی ہے تاکہ سند رہے اور بوقتِ ضرورت کام آئے۔

تاریخ: _____

فریقِ اول: _____

فریقِ دوم: _____

گواہ نمبر 1: _____

گواہ نمبر 2: _____